# سندھ ایکٹ نمبر XI مجریہ 2018

# SINDH ACT NO.XI OF 2018

# سندھ قرآن پاک کی (طباعت۔ریکارڈنگ اور تباہ شدہ اور مقدس اوراق کو ضائع کرنا)ایکٹ،2018

# THE SINDH HOLY QURAN (PRINTING,RECORDING AND DISPOSAL OF DAMAGED OR SHAHEED AND SACRED AURAQS) ACT,2018

## فہرست (CONTENTS)


تمہید(Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات۔

Short Title and commencement

2. تعریف۔

Defination

3.پبلشرز اور ریکارڈنگ کمپنیز کی رجسٹریشن

Registration of publishers and recording companies

4. قرآن بورڈ

Quran Board.

5. قرآن پاک کی اشاعت

Publishing of the Holy Quran

6.آیت کے متن کی لفظی تحریف

Literal distortion of the text of ayah

7. مسلمانوں کے عقیدے سے ٹکراؤمیں قرآن پاک کا ترجمہ یا تشریح۔

Translation or interetation of the Holy Quran contrary to belief of Muslims

8.تباہ شدہ یا شہید مقدس اوراق کو ضائع کرنا۔

Disposal of damaged  or shaheed sacred auraqs.

9.جرمانہ۔

Penalty

10.کارپوریشنز کی طرف جرم۔

Offences by corporation

11. قابل سماعت جرم۔

Trial of offrnces

12. جرم کاازالہ.

Cognizance of offence

13. قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

14. منسوخی۔

Repeal

# سندھ ایکٹ نمبر XI مجریہ 2018

# SINDH ACT NO.XI OF 2018

# سندھ قرآن پاک کی (طباعت ۔ریکارڈنگ اور تباہ شدہ اور مقدس اوراق کو ضائع کرنا)ایکٹ،2018

# THE SINDH HOLY QURAN (PRINTING,RECORDING AND DISPOSAL OF DAMAGED OR SHAHEED AND SACRED AURAQS) ACT,2018

[09 مئی 2018]

ایکٹ جس کے ذریعے قرآن پاک کے متن کی طباعت ، ریکارڈنگ کی غلطیوں سے پاک بنانا اور موزوں طریقے سے تباہ شدہ یا شھید شدہ مقدس اوراق کو ضائع کرنے کو یقینی بنایا جائے گا۔

تمہید

جیسا کہ قرآن پاک کے متن کی طباعت ، ریکارڈنگ کی غلطیوں سے پاک بنانا اور مناسب طریقے سے تباہ شدہ یا شھید شدہ مقدس اوراق کو ضائع کرنے کو یقینی بنانا اور متعلقہ معاملات کے لیئے قدم لینا ضروری ہوگیا ہے۔

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

| | | |
|---|---|---|
| مختصر عنوان اور شروعات۔<br>Short Title and commencement | (1).1 | اس ایکٹ کو سندھ قرآن پاک کی (طباعت، ریکارڈنگ اور تباہ شدہ یا شہید اور مقدس اوراق کو ضائع کرنا) ایکٹ، 2018 کہا جائے گا۔ |
| | (2) | اس کا دائرہ اطلاق تمام سندھ صوبے پر ہو گا۔ |
| | (3) | یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔ |
| تعریف<br>Defination | .2 | اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے برعکس نہ ہو، تب تک: |
| | (i) | " آیت" سے مراد قرآن پاک کا جملہ، شق یا آیت جس کے آخر میں معیاری کا پی میں ایک چھوٹا گول دائرہ دیا گیا ہے، |
| | (ii) | " تباہ شدہ یا قرآن پاک کی شہید شدہ کا پی یا شہید شدہ مقدس اوراق" جس میں شامل ہیں کم معیار کے قرآن پاک کی کاپی، تباہ شدہ یا قرآن پاک سے باہر نکلے صفحات اور دوسرے صفحےّ جن میں قرآنی آیات شامل ہوں اور جس میں شامل ہیں، احادیث (حضور پاک ﷺ) کے اقوال جو کہ حوالہ طور پر دی گئی کتابیں ،اخبارات، اشتہاری سامان، فلموں اور ریکارڈنگ میں استعمال کی گئی ہوں، |
| | (iii) | "اخراج" سے مراد تباہ شدہ یا شہید شدہ قرآن پاک کی کاپی کو جمع کرنا اور جمع کرنا شامل ہے اور اس میں شامل ہے، اس کو زمین میں دفن کرنا یا اس کو سمندر یا دریا برد یا اس کی ایسے طریقے سے ری سائیکلنگ جو کہ اس کی مقدس اور تقدس کے مطابق ہوں، |
| | (iv) | "حکومت" سے مراد سندھ حکومت۔ |
| | (v) | "قرآن پاک" سے مراد قرآن پاک عربی متن میں، جو کہ مکمل شکل میں یا حصّوں (پیراز) کی صورت میں یا ابواب (سورۃ) کی صورت میں شائع کیا گیا ہو، پر اس میں شامل نہ ہوں اس میں لئے گئے کچھ حصےّ جو کہ نصابی کتاب میں، دعاؤں کی کتاب میں یا مذہبی قرارداد میں شائع کیئے گئے ہوں، |

(vi) ''بیان کردہ'' سے مراد اس ایکٹ کے قواعد کے مطابق بیان کردہ''

(vii) ''پبلشر'' سے مراد فرد یاافراد کی ایسوسیئشن جو دفعہ 3 کے تحت قرآن پاک کے پبلشر کے طور پر رجسٹرڈ ہو،

(viii) ''قرآن پاک کی ریکارڈنگ'' سے مراد قرآن پاک کی فرد کی آواز میں قرات اور جو کسی جدید ریکارڈنگ کے ذریعے سے ریکارڈ کی جائے، جو کہ معیاری کاپی میں شامل متن کے مطابق ہوں۔

(x) ''ریکارڈنگ کمپنی'' سے مراد فرد یاافراد کی اایسوسیئشن جو کہ دفعہ 3 کے تحت ریکارڈنگ کمپنی کے طور پر رجسٹرڈ ہو،

(xi) ''معیاری کاپی'' سے مراد قرآن بورڈ کی طرف سے درستگی شدہ اور پرنٹنگ کی غلطیوں سے مبر اتصدیق شدہ قرآن پاک کی کاپی،

(xii) ''ضائع کرنے والی مانیٹرنگ کمیٹی'' سے مراد دفعہ 8 کے تحت تباہ شدہ یاشھید شدہ قرآن پاک کی کاپی کے ضائع کرنے کے لیئے مناسب انتظام کرنے کے مقصد کے لیئے بنائی گئی کمیٹی، اور

(xiii) ''قرآن پاک کا متن'' سے مراد کوئی اور سورۃ، آیت، بیان کردہ یا قرآن پاک میں سے لیئے گئے لفظ۔

پبلشرز اور ریکارڈنگ کمپنیز کی رجسٹریشن

Registration of publishers and recording companies

3. حکومت بیان کردہ طریقے کے مطابق اور بیان کردہ فیس کی ادائیگی اور بیان کردہ شرائط اور ضوابط کے مکمل ہونے کے بعد ایک پبلشر یا ریکارڈنگ کمپنی کو قرآن پاک کی اشاعت یا ریکارڈنگ کے مقصد کے لیئے رجسٹر کر سکتی ہے۔

قرآن بورڈ

Quran Board.

(1).4 حکومت نامور عالم، حافظ اور مسلمانوں میں تمام مکتبہ فکر کے قاریوں پر مشتمل قرآن بورڈ بنائے گی۔

(2) حکومت قرآن پاک کی ایک کاپی تیار کرائے گی اور اس کی معیاری کاپی کے طور پر تصدیق کے لیئے قرآن بورڈ کی طرف بھیجے گی۔

(3) حکومت محفوظ تحویل کے لیئے معیاری کاپی کو حکومت کی آرکائیوز میں رکھے گی۔

(4) قرآن بورڈ غلطیوں سے پاک طباعت اور اشاعت یا قرآن پاک کی ریکارڈنگ کے لیئے تجاویز کرے گا اور حکومت کی ہدایات کے مطابق غلطیوں سے پاک پرنٹنگ اور اشاعت یا قرآن پاک کی ریکارڈنگ اور مقدس اوراق کے ضائع کرنے والے کام کی نگرانی کرے گا۔

(5) قرآن بورڈ ایسے دوسرے کام سرانجام دے گا، جو بیان کیئے گئے ہوں۔

قرآن پاک کی اشاعت

Publishing of the Holy Quran

(1).5 پبلشر قرآن پاک کی آف سیٹ، فوٹو اسٹیٹ، فوٹو بلاک یا کسی دوسرے جدید طباعت کے نظام سے طباعت کر سکتا ہے، پر ان کو لیتھو پروسس کے ذریعے چھپائی نہیں کرے گا۔

(2) قرآن پاک کی طباعت میں، پبلشر حکومت کی طرف سے منع شدہ کاغذ کا استعمال نہیں کرے گا۔

(3) پبلشر کاپی کا نمونہ لے گا اور ہر ریکارڈنگ کمپنی قرآن پاک کے ریکارڈ کا نمونہ لے گی، جس کی معیاری کاپی کے متن سے مذہبی ادارے کی طرف سے ڈپلومہ رکھنے والے شخص کی طرف سے یا فاضل مولوی کی سند رکھنے والے یا تصدیق شدہ قاری، جو حافظ بھی ہو اس کی طرف سے یا ایسا شخص جو عربی میں پروف ریڈنگ کے کام میں ترتیب یافتہ ہو اور ایسے شخص کی طرف سے ریکارڈ کی گئی سند رکھتا ہو، آخر میں تصدیق ہو کہ متن اور حوالوں میں کوئی بھی غلطی شامل نہ ہو۔

(4) پبلشر یقینی بنائے گا کہ:

(a) ہر باب (سورۃ) کا جریان نمبر ہر صفے پر چھپا ہوا ہے اور ہر آیت کا جریاں ہر آیت کے چھوٹے گول دائرے میں شامل کیا گیا ہے،

(b) قرآن پاک کے ہر ایڈیشن کے کور پیج پر پبلشر، پرنٹنگ پریس کا نام اور اشاعت کا سال صاف اور واضح الفاظ میں لکھا جائے گا،

(c) قرآن پاک کا ہر صفحہ شیڈول میں دیا گیا اشارہ دے گا،

(d) مطبوعہ قرآن پاک میں کسی غلطی یا کوتاہی کا پتہ لگنے پر، جس پتے پر یہ ہوتا ہے، اس کی جگہ تازہ پتہ لگا دیا جاتا ہے جو اس طرح کے ہر نسخے میں ایسی غلطی یا بھول چوک سے پاک ہوتا ہے۔

(5) پبلشر پر ذیلی دفعہ (4) کی شقوں (a) اور (c) کی گنجائشوں پر عمل نہ کرنے کے لیئے جرمانہ عائد نہیں کیا جائے گا جب تک کہ جرم ثابت نہ ہو۔

(6) قرآن پاک کا کوئی بھی ترجمہ اس کے عربی متن کے سوا شائع یا رکارڈ نہیں کیا جائے گا۔

(7) کوئی بھی قرآن پاک کا ریکارڈ جو اس کے تقدس کو پامال کرے، کسی بھی صورت میں تیار نہیں کیا جائے گا۔

آیت کے متن کی لفظی تحریف

Literal distortion of the text of ayah

6. جہاں، کاپی یا قرآن پاک کے ریکارڈ میں یا اس سلسلے میں کسی نصابی کتاب میں، دعاؤں کی کتاب میں، مذہبی معاہدے یا دوسری صورت میں مطبوعہ کسی حصےّ میں، کوئی آیت لفظی طور پر مسخ کی جاتی ہے، لفظ کی تبدیلی کے ذریعے یا ترتیب کی تبدیلی کے سلسلے میں، یا اعراب کی صورت میں، جو کہ اس کی معنیٰ کو تبدیل کر دے، تو پرنٹر یا پبلشر اس سلسلے میں، جیسا معاملہ ہو، ریکارڈنگ پھر چاہے وہ اس ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہو یا نہ ہو، تب تک وہ یہ ثابت کرے کہ ایسی کوتاہی پرنٹنگ یا مکینکل کوتاہی کی وجہ سے ہوئی ہو فراہم کردہ، دفعہ 9 کے تحت قابل سزا ہونگے۔

| | |
|---|---|
| 7. جہاں کاپی یا قرآن پاک کا ریکارڈ، یا اس سلسلے میں نصابی کتاب، دعاؤں کی کتاب، مذہبی معاہدے یا کسی دوسری کتاب میں شائع شدہ کوئی آیت ترجمہ کی گئی ہے، سمجھائی گئی ہے یا ایک غیر مسلمان کی طرف سے مسلمانوں کے عقیدے کے ٹکراؤ میں اس پر رائے دی گئی ہو، کہ لکھنے والا، چھاپنے والا، یا پبلشر، یا وہ شخص جس نے ریکارڈ تیار کیا ہو۔ پھر چاہے وہ اس ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہو یا نہ ہو، جب تک ایسے ترجمے، تشریح یا کمنٹری پر ثابت نہیں کرتا تو ایسی کوتاہی فقط پرنٹنگ مکینکل خامی کے سبب ہوئی ہے وہ دفعہ 9 میں فراہم کردہ کے تحت قابل سزا ہو گا۔ | مسلمانوں کے عقیدے سے ٹکراؤ میں قرآن پاک کا ترجمہ یا تشریح۔<br><br>Translation or interetation of the Holy Quran contrary to belief of Muslims |
| 8.(1) پبلشر یا ریکارڈنگ کمپنی تباہ شدہ یا مقدس اوراق کی شھید شدہ کاپی کو ضائع کرنے کے لیئے بیان کردہ طریقے کے مطابق موزوں انتظام کریں گے اور حکومت کی ایسی ہدایات پر عمل درآمد کریں گے جو ایسی کاپیز یا کاپی کے ضائع کرنے کے لیئے جاری کی گئی ہوں۔<br>(2) مذہبی امور والا محکمہ رضاکار مذہبی تنظیم کی مدد سے شہید مقدس اوراق کو ضائع کرنے کے انتظام کرے گا۔<br>(3) رضاکار مذہبی تنظیم مذہبی امور کے محکمے کی طرف سے ڈویژنل سطح پر رجسٹرڈ کی جائے گی۔ | تباہ شدہ یا شھید مقدس اوراق کو ضائع کرنا۔<br><br>Disposal of damaged or shaheed sacred auraqs. |
| 9.(1) پرنٹر، پبلشر یا ریکارڈنگ کمپنی کا پروپرائیٹر جو اس ایکٹ کی کسی گنجائش یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد کی خلاف ورزی کرتا ہے، یا وہ شخص جس کی آواز کا ریکاڈ تیار کیا گیا ہے، یا وہ شخص جو دفعہ 5 کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت سند یافتہ ہے، کاپی کا نمونہ یا قرآن پاک کا ریکارڈ جو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے مطابق نہیں ہے، وہ قید کی سزا کے لائق جس کی مدت تین سال تک بڑھ سکتی ہے، یا جرمانہ جو بیس ھزار روپئے | جرمانہ<br><br>Penalty |

سے کم نہیں ہو گا، یا دونوں ساتھ۔

(2) حکومت دفعہ 3 کے تحت پبلشر یا ریکارڈنگ کمپنی کی ذیلی دفعہ (1) جرم کے الزام کے تحت رجسٹریشن رد کر سکتی ہے۔

کارپوریشنز کی طرف جرم

Offences by corporation

10. اگر کوئی شخص جو دفعہ 9 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت جرم میں مجرم ثابت ہو تا ہے، وہ کمپنی ہے یا باڈی کارپوریٹ، ہر پروپرائیٹر، ڈائریکٹر، مینجر، سیکریٹری یا کمپنی کا کوئی اور عملدار یا باڈی کارپوریٹ، جب تک ثابت نہ کرے تو جرم اسکی لاعلمی میں ہوا ہے یا اس جرم کو روکنے کی پوری کوشش کی گئی، وہ ایسے جرم کے لیئے مجرم سمجھا جائے گا۔

قابل سماعت جرم

Trial of offrnces

11.(1) اس ایکٹ کے تحت جرم پہلے درجے کے جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں چلائے جائیں گے۔

(2) جب اس عدالت کے تحت قابل سزا جرم کی سماعت کی جائے، عدالت کوڈ آف کرمنل پروسیجر، 1898 میں بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق عمل کرے گی۔

جرم کا ازالہ

Cognizance of offence

12. کسی بھی عدالت کو اس ایکٹ کے تحت جرم کے ازالے کا اختیار حاصل نہیں ہو گا علاوہ تب تک جب تک مذہبی امور اور محکمہ اوقاف، حکومت سندھ کے سیکریٹری کی طرف سے یا اس کی اتھارٹی کے تحت تحریر میں شکایت نہ کی جائے۔

قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

13.(1) حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

(2) مندرجہ بالا اختیارات کی عام حیثیت سے تضاد کے سوا، ایسے قواعد فراہم کریں گے:

(a) قرآن بورڈ کی تشکیل اور کام

(b) اس ایکٹ کی شروعات سے پہلے چھپی ہوئی یا تیار کردہ کاپیز یا قرآن پاک کے ریکارڈز کی جانچ،

(c) غلطیوں والی کاپیاں اور قرآن پاک کے ریکارڈز کی فروخت پر پابندی،

(d) ایسی تمام کاپیز اور قرآن پاک کے ریکارڈز کے پبلشر یا ریکارڈنگ کمپنی کے خرچ پر جانچ، جو کہ اس ایکٹ کے تحت تصدیق شدہ نہ ہوں کہ یہ غلطیوں سے پاک ہیں،

(e) ایسی کاپیز اور قرآن پاک کے ریکارڈز کو ضبط کرنا، جن میں غلطیاں ہوں جو بیان کردہ اتھارٹی کے خیال کے مطابق آسانی سے پرنٹ یا ریکارڈ میں درست نہ ہو سکتی ہوں، اور

(f) تباہ شدہ یا شہید شدہ مقدس اوراق کی کاپی کا اخراج۔

منسوخی۔ Repeal

14.(1) قرآن پاک کی اشاعت (پرنٹنگ اور ریکارڈنگ کی غلطیوں کو ختم کرنا) ایکٹ، 1973 (1973 کا ایکٹ نمبر LIV) کو سندھ صوبے میں عائد ہونے سے، منسوخ کیا جاتا ہے۔

(2) منسوخی تک قرآن پاک کی اشاعت (پرنٹنگ اور ریکارڈنگ غلطیوں کو ختم کرنا) ایکٹ، 1973 (1973 کا LIV)، کچھ کیئے گئے یا منسوخ کیئے گئے ایکٹ کے تحت لیئے گئے کسی قدم کا وہی اثر ہو گا جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت کیا گیا یا لیا گیا۔

## شیڈول

[ملاحظہ دفعہ 5(4)(سی)]

| عنوان کے ساتھ سورۃ کا سریل نمبر مثلاً | صفے کا اوپر حصہ صفحہ نمبر | شروعاتی الفاظ کے ساتھ پارہ کا سریل نمبر مثلاً |
|---|---|---|
| "-تلک-" | "______" | "البقرہ" |

صفحے کا زیریں حصہ

| صفحے پر ختم ہونے والی آیت | منزل | صفحے پر شروعاتی آیت کے |
|---|---|---|

| | |
|---|---|
| کے سریل نمبر کے ساتھ سورۃ کا سریل نمبر مثلاً | ساتھ سورۃ کا سریل نمبر مثلاً |
| ''سورۃ-2 آیت-9-'' | '' -سورۃ- 5 آیت-5-'' |

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**